© rasailojaraid.com



ادارہ

# افکار و تاثرات

جناب سید حنیف رسول کاکاخیل' ایڈورڈ کالج پشاور

صاحبزادہ مولانا محمد ایوب جان' سرپرست عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ڈسکہ

مولانا سعید الحق جدون حقانی۔

جناب قاضی محمد یعقوب' چکوال

جناب مولانا راشد الحق حقانی صاحب۔ السلام علیکم

پچھلے ایک دو بڑے خصوصی پروگراموں میں آنجناب کی طرف سے پرخلوص دعوت اور اس عاجز کی طرف سے ناغہ سے ہرگز یہ مراد نہیں کہ مصروفیات نے آنجناب کے پروگراموں کی اہمیت یکسر ختم کردی' دراصل ایسا عذر پیش آئے جن کی وجہ سے حاضری نہ ہوسکی۔ آپ کو یاد ہوگا ۲۰۱۲ء کا سال حضرت امام الہند مولانا ابوالکلام آزادؒ کے الہلال کا صد سالہ جشن ہے' ہندوستان میں تو اس حوالے سے پروگرام ہورہے ہیں' لیکن پاکستان میں پہلے کی طرح اب بھی خاموشی ہے' الہلال کے حوالے سے ایک مقالہ زیر تحریر ہے جیسے ہی مکمل ہوجائے آن جناب کی خدمت میں ارسال کروں گا۔ اس امید کے ساتھ کہ آنے والے کسی شمارے میں لیکن ۲۰۱۲ء کے اندر اندر اسے شائع کردیں اس طرح الہلال کی صد سالہ بازگشت کے طور سے ایک یادداشت ہوجائے گی۔

سید حنیف رسول کاکاخیل' لیکچرار ایڈورڈ کالج پشاور

---

**یوم عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:**

۲۱ ستمبر ایوانوں میں بیٹھے ہوئے سوٹڈ بوٹڈ کیمرج اور آکسفورڈ کے تعلیم یافتہ بڑی بڑی گاڑیوں میں بیٹھ کر فراٹے بھرنے والے طیاروں میں اڑان بھر کر امت مسلمہ کی مظلومیت کا تماشا دیکھنے والے ہمارے حکمرانوں نے ملک کی اے کلاس کی جاری سوشلزم کی یلغار کو دھیما کرتے ہوئے ملک کی اکثریتی عوام کی عزت مآب کی ناموس کے حوالے سے جذبات کا خیال رکھتے ہوئے 21 ستمبر کو یوم عشق رسول قرار دیتے ہوئے ملک میں تعطیل کا اعلان کر کردیا تاکہ مسلم

© rasailojaraid.com